## تھر کے معدنی ذخائر کو استعمال کرنے کے اختیارات وفاق کو منتقل کیے جانے کا عمل صوبہ سندھ کے ساتھ ناانصافیوں کا تسلسل ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ

## آئین کے تحت تھر کے کوئلے کے ذخائر صوبہ سندھ کی ملکیت ہیں لہٰذا اسے استعمال کرنے اور بجلی پیدا کرنے کا حق بھی صوبہ سندھ کو ہی ملنا چاہیے

## سندھ کے معدنی ذخائر کے استعمال کا حق سندھ کو دیا جائے، صوبوں کے وسائل پر صوبوں کا حق تسلیم کیا جائے۔ فاروق ستار

کراچی۔۔۔2/اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے تھر کول کے معدنی ذخائر کو استعمال کرنے کے اختیارات تھر کول انرجی بورڈ کے ذریعے وفاق کو منتقل کیے جانے کے عمل کو صوبہ سندھ کے ساتھ ناانصافیوں کا تسلسل قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صوبوں کے وسائل پر صوبوں کا حق تسلیم کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں فاروق ستار نے کہا کہ گزشتہ ساٹھ برسوں سے سندھ کو اسکے حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے اور تھر کول کے معدنی ذخائر کے استعمال کے اختیارات وفاق کو منتقل کیے جانے کا عمل صوبہ سندھ کے ساتھ ناانصافیوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئین کے تحت تھر سے ملنے والے کوئلے کے ذخائر صوبہ سندھ کی ملکیت ہیں اس نکتے سے اسے استعمال کرنے اور بجلی پیدا کرنے کا حق بھی صوبہ سندھ کو ہی ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی تھر میں موجود کوئلے کے ذخائر کو استعمال کرنے کے حوالے سے سیاست کی جاتی رہی ہے جس کا براہ راست نقصان سندھ اور صوبے کے عوام کو ہوتا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں گیس کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور کم ہوتے ہوئے ذخائر کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کے بحران پر مکمل قابو پانے کیلئے وفاق کو لچک دار رویہ اپنانا چاہئے اور صوبوں کے وسائل پر صوبوں کے حق کو تسلیم کرنا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تھر کول منصوبہ مکمل ہونے سے ایک جانب بیرونی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوگی اور دوسری جانب تھر کے عوام کو روزگار کے وسیع مواقع میسر آئیں گے جبکہ تیسری جانب توانائی کے بحران پر قابو پایا جاسکے گا جس سے معاشی اور اقتصادی ترقی کے نئے دریچے کھل سکیں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے امید ظاہر کی کہ سندھ سے تعلق رکھنے والی جماعتیں اس اہم معاملے پر صرف سیاست چمکانے کے بجائے وفاق کو قائل کرنے کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں گی اور سندھ کے ساتھ ناانصافیوں کے خلاف ٹھوس لائحہ عمل ترتیب دیں گی۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن سجاد حسین مسلح افراد کے تشدد کے نتیجے میں جاں بحق ہوگئے

## سجاد حسین کو قتل کرنے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے، رابطہ کمیٹی

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظم اور کارکنان کی شرکت، سوئم 4 اگست کو ہوگا

کراچی۔۔۔2/اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکن سجاد حسین کو مسلح افراد نے تشدد کرکے شہید کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب ایم کیوایم کے کارکن سجاد حسین اپنے گھر آرہے تھے کہ علاقے میں بدنام شہرت رکھنے والے جنید، عبدالمجید، عبدالحمید عرف نوید اور رمیز نامی افراد نے انہیں لوہے کے پائپ اور دیگر چیزوں سے تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا۔ سجاد حسین کے سر پر شدید ضرب لگی۔ انہیں شدید زخمی حالت میں عباسی شہید اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔ مرحوم کی عمر 28 سال تھی اور انکے سوگواران میں والدہ، 6 بہنیں اور 3 بھائی شامل ہیں۔ سجاد حسین مرحوم کو محمد پور قصبہ کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر، اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنوں اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مرحوم سجاد حسین کا سوئم مورخہ 4، اگست بروز پیر کو بعد نماز ظہر ان کی رہائشگاہ واقع قصبہ کالونی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سجاد حسین کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سجاد حسین کے قاتلوں کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے سجاد حسین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن سجاد حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔2؍اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکن سجاد حسین کے قتل کی مذمت کی ہے اوران کے لواحقین سے گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ڈاکٹر فاروق ستاراورڈاکٹر ندیم احسان کی فرانس، جرمنی اور کینیڈا کے سفارتکاروں سے ملاقاتیں

## متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ایک بڑے طبقے کی نمائندہ جماعت ہے، غیرملکی سفارتکار

اسلام آباد۔۔۔2؍اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرو قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹر فاروق ستاراوررکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے اسلام آباد میں فرانس کے سفیرMr.DANIEL JOUANNEAU،جرمنی کے سفیرDr.GUNTAR MULACKاورکینیڈین سفارتخانے کے قونصلر Mr.NICHOLAS COGHLAN سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اوران سے ملک کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال،امن وامان اور دہشتگردی سمیت دیگرامور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پرڈاکٹر فاروق ستارنے سفارتکاروں کو بتایا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو جمہوریت اوراعتدال پسندی پر یقین رکھتی ہے اورانتہاپسندی کی مخالفت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اوراس جماعت میں ملک کی تمام قومیتوں،مختلف مکاتب فکراور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔اس موقع پرفرانس، جرمنی اورکینیڈا کے سفارتکاروں نے کہا کہ بلاشبہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ایک بڑے طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اوراس کے مثبت کردار کوملکی اور بین الاقوامی سطح پر قدر کی نگاہ سے دیکھا اورسراہا جاتا ہے۔ملاقاتوں میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ مستقبل میں بھی ایک دوسرے کے خیالات سے آگاہی حاصل کی جائیگی اورملاقاتوں کے سلسلے کو جاری رکھا جائیگا۔اس موقع پرسفارتخانوں کے دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## اظہرحسین،عبدالجباراوروسیم زہرہ کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔2؍اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 151 کے کارکنان محمداکبراورمحمد طاہر کے والد اظہرحسین،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن جمشید کے والدعبدالجباراورایم کیوایم سرجانی ٹاؤن یونٹ 5 کے کارکن شاہدرضا کی ہمشیرہ وسیم زہرہ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆